نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر اعلیٰ پنجاب کسان پیکج کے تحت صوبہ پنجاب میں بجلی وڈیزل سے چلنے والے ٹیوب ویلز کی شمسی توانائی پر منتقلی کے لیے کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب

لاہور: **22 دسمبر 2024**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب کسان پیکج کے تحت صوبہ پنجاب میں 9 ارب روپے کی لاگت سے 8 ہزار بجلی وڈیزل سے چلنے والے زرعی ٹیوب ویلوں کی شمسی توانائی پر منتقلی کے منصوبہ پر عملدر آمد کے لیے کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت اس منصوبے کا مقصد کاشتکاروں کی پیداواری لاگت میں کمی اور توانائی کے بحران کو کم کرنا ہے۔اس پروگرام کے لیے درخواست دہندہ کے نام زمین کی رجسٹری ہونا لازمی ہے۔اس منصوبے کے تحت 30 اکتوبر 2024 سے قبل تنصیب شدہ بجلی وڈیزل سے چلنے والے ٹیوب ویلز کو شمسی توانائی پر منتقل کیا جائے گا۔خواہشمند کاشتکار **31 دسمبر 2024** تک اپنی درخواستیں جمع کرواسکتے ہیں۔سولرائزیشن آف ٹیوب ویل پروگرام کے تحت شمسی زرعی ٹیوب ویلوں کی تنصیب کے لیے حکومت تین مختلف پاور کٹس پر سبسڈی فراہم کرے گی جن میں 10 کلوواٹ پر 5 لاکھ روپے، 15 کلو واٹ پر 7.5 لاکھ روپے، اور 20 کلوواٹ پر 10 لاکھ روپے کی سبسڈی شامل ہے جبکہ بقایا رقم کاشتکار خود ادا کریں گے۔اس منصوبہ کے تحت کسانوں کو توانائی کے کم خرچ اور پائیدار حل فراہم کئے جا رہے ہیں۔اس اقدام سے نہ صرف ماحولیاتی تحفظ کو فروغ ملے گا بلکہ کاشتکاروں کو بجلی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں اور بلوں سے بھی نجات ملے گی۔اس ضمن میں درخواست دہندگان محکمہ زراعت پنجاب کی ویب سائٹ www.agripunjab.gov.pk سے فارم ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا آن لائن اپلائی کرنے کیلئے https://cmstp.punjab.gov.pk کے لنک پر کلک کریں۔مزید معلومات کے لیے خواہشمند کاشتکار زرعی ہیلپ لائن نمبر 0800-17000 پر بروز سوموار تا ہفتہ صبح 8 بجے سے شام 8 بجے تک رابطہ کریں۔

☆☆☆☆